# کیا آپ محسوس کرتے ہیں...

## الگ تھلگ؟

## مقام کار پر اپنے حقوق سے ناواقف ہیں؟

## انگریزی سیکھنے میں مدد چاہیں گے؟

## Usdaw مدد کر سکتی ہے – ہم آپ کے ٹریڈ یونین ہیں۔

USDAW

## تعاون کی شرحیں

Usdaw کی ممبرشپ کی شرح ٹریڈ یونین موومنٹ میں سب سے کم میں سے ایک ہے، جو یومیہ صرف چند پنس میں اول درجہ کے منافع اور پیشہ ورانہ خدمات فراہم کرتی ہے۔

## مزید جانکاری کے لئے یا Usdaw میں شامل ہونے کے لئے:

- اپنے Usdaw کے نمائندہ سے رابطہ کریں
- اپنے Usdaw کے مقامی دفتر سے رابطہ کریں
  **0800 030 80 30**
- ہماری ویب سائٹ دیکھیں
  **www.usdaw.org.uk**

اس کتابچہ میں فراہم کردہ معلومات اشاعت کی تاریخ – جولائی 2024 میں درست ہے۔

**اس چیز کی چھ اہم وجوہات کہ آپ کو Usdaw میں کیوں شامل ہونا چاہئے – آپ کی ٹریڈ یونین۔**

Urdu

شائع کردہ منجانب Usdaw
Voyager Building
2 Furness Quay
Salford Quays
Manchester M50 3XZ

USDAW

# اس چیز کی چھ اہم وجوہات کہ آپ کو Usdaw میں کیوں شامل ہونا چاہئیے...

1. ہم مقام کار پر اپنے ممبران کے حقوق کے بارے میں جانکاری حاصل کرنے میں ان کی مدد کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ درج ذیل حقوق کے مستحق ہیں:

– بالغان کے لئے کم سے کم اجرت۔ یہ ہر سال بڑھتی ہے اور 1 اپریل 2024 سے یہ حسب ذیل ہے:

21 سال اور اس سے زیادہ عمر کے لوگوں کے لئے فی گھنٹہ £11.44

18-20 سال کی عمر کے لوگوں کے لئے فی گھنٹہ £8.60

16-17 سال کی عمر کے لوگوں کے لئے فی گھنٹہ £6.40

– سال میں 28 دنوں کی بامعاوضہ چھٹی (کسی بھی ایسے شخص کے لئے جو ہفتہ میں 5 دن کام کرتا ہے)۔

– 11 گھنٹوں کا یومیہ آرام۔

– تین دنوں کی بیماری کے بعد زیادہ تر کارکنان بیماری کی ادائیگی کے حقدار ہیں۔

2. ہم انتظامیہ کے سامنے اپنے ممبران کی پریشانیاں اٹھاتے ہیں اور تادیبی سماعتوں میں آپ کی نمائندگی کرتے ہیں۔

3. ہم مقام کار پر حادثہ پیش آنے، غیر منصفانہ برخاستگی اور امتیاز برتنے کی صورت میں اپنے ممبران کو مفت قانونی صلاح اور نمائندگی فراہم کرتے ہیں۔

4. ہم انگریزی، ریاضی اور کمپیوٹر کی مہارتوں سمیت متعدد موضوعات پر مفت تربیت تک رسائی حاصل کرنے میں اپنے ممبران کی مدد کر سکتے ہیں۔

5. ہم نسلی عصبیت کے خلاف مہم چلاتے ہیں اور تمام کارکنان کے لئے مساوی برتاؤ کو فروغ دیتے ہیں۔

6. ہم مقام کار پر اپنے ممبران کی تنخواہ اور زندگی کو بہتر بنانے کے لئے کام کرتے ہیں۔

- ٹریڈ یونین میں ہر کوئی شامل ہو سکتا ہے۔
- آپ کو ٹریڈ یونین میں شامل ہونے کا قانونی حق حاصل ہے۔
- آپ کے لئے اپنے آجر کو یہ بتانا ضروری نہیں ہے کہ آپ ایک ٹریڈ یونین کے ممبر ہیں۔
- کسی بھی شخص کے لئے اس بنیاد پر آپ سے امتیاز برتنا غیر قانونی ہے کہ آپ ایک ٹریڈ یونین کے ممبر ہیں۔